رہبر معظم کا پاکستان کے سیلاب سے متاثرین کے لئے پیغام - 31 /Aug/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے امت مسلمہ کے نام اپنے عالمی پیغام میں پاکستان میں وسیع پیمانے پر سیلاب کی تباہی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تاکید فرمائی ہے کہ ہمیں اس سنگین اور حساس موقع پر اسلامی برادری اور اخوت کی بنیاد پر اپنے وظیفہ اورذمہ داری پر عمل کرتے ہوئےسیلاب سے متاثرہ پاکستانی بھائیوں اور بہنوں کی مدد کے لئے آگے بڑھنا چاہیے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عظیم امت اسلامیہ

سیلاب کے المناک حادثے نے پاکستان کے مسلمان بھائیوں اور بہنوں کو عظیم اور دردناک مشکلات سے دوچار کردیا ہے سیلاب کی وسعت میں ہر روز اضافہ ہورہا ہے اس تباہ کن سیلابمیں پاکستان کے شمال سے لیکر جنوب تک بہت سے علاقہ زیر آب اور کئی ملین افرادمتاثر اور بے گھر ہوئے ہیں یہ المناک حادثہ اتنا وسیع ہے کہ اس میں امداد رسانی کے کاموں میں بھی خلل پیدا ہورہا ہے۔

پاکستان کی مسلمان قوم ایک طرف اس عظیم اور دردناک حادثہ کا سامنا کررہی ہے اور دوسری طرف امریکہکی غاصب فوجیں مختلف بہانوں سے اس اسلامی ممالک کی سرزمین کو اپنے ظلم وستم اور اپنی بربریت کا نشانہ بنا رہی ہیں۔

امت مسلمہ

پاکستان میں سیلاب کی تباہی اتنی وسیعاور تباہ کن ہے کہ ہمارے لاکھوں پاکستانی بہنوں اوربھائیوں کو فوری طور پر غذائی اشیاء اور ادویات کے علاوہلباس اور رہائش کی سخت ضرورت ہے پاکستان کا وسیع بنیادی ڈھانچہ تباہ ہوگیا ہے افسوس کا مقام ہے کہ اس موقع پر بین الاقوامی امداد رسانی کے اداروں نے مشکلات میں گرفتار پاکستانیوں تک امداد رسانی کے کام کو حسن و خوبی کے ساتھ انجام نہیں دیا اور یہ ایسا امر ہےکہ جس پر توجہ دینے اور تجزیہ کرنے کی ضرورت ہے۔

ہماری امداد کا حجم جتنا بھی زیادہ ہو وہ پاکستانی عوام کی عظیمنیاز اور ضرورت کے پیش نظر بہت ہی کم ہے لیکن ان دشوار اور مشکل حالات میں ہمیں چاہیے کہ ہم اسلامی اخوت و برادری کی بنیاد پر اپنی ذمہ داری پر عمل کرتے ہوئے اپنے پاکستانی بھائیوں اور بہنوں کی مدد کے لئے آگے بڑھیں ۔ اسلامی ممالک اور بین الاقوامی اداروں کو اس اہم نکتہ پر توجہ مبذول کرنی چاہیے کہ وہ پاکستانی حکومت کو امداد رسانی اور اس عظیم مشکل کے طویل المدت اثرات پر قابو پانے کے سلسلے میں اپنا تعاون پیش کریںیقینی طور پر ہنگامی حالات میں ایسی مشکل پر قابو پانے کے لئے ہر حکومت مکمل طور پر اور ہر لحاظ سے امداد رسانی کے کام میں مشکلات سے دوچار ہوجاتی ہے۔۔

سید علی خامنہ ای

9/ شہریورماہ / 1389

مطابق

20 /رمضان المبارک/ 1431